علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: عہد جدید میں اسلامی ادارے (1916) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست کے قیام نے امت مسلمہ کو کن بنیادوں پر مضبوط کیا؟ (20)

سوال نمبر 2۔ عالم اسلام میں اتحاد و اتفاق کی کمی نے کن اجتماعی مسائل کو جنم دیا؟ (20)

سوال نمبر 3۔ مسلمانوں کی پستی میں قوم پرستی اور باہمی اختلافات کے کردار کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ موجودہ دور میں عالم اسلام کی سائنسی اور تکنیکی پسماندگی کے اسباب بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ عصرِ حاضر میں عالمی مسلم کمیونٹی کو درپیش فکری بحران کی نوعیت واضح کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ انگریز دورِ حکومت میں مسلمانوں کو درپیش دینی و فکری چیلنجز بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قیامِ پاکستان کے بعد قوانین کی اسلامی تشکیل کو ایک قومی چیلنج کیوں سمجھا گیا؟ (20)

سوال نمبر 3۔ قیامِ پاکستان کے بعد ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کے قیام کی فکری اور قومی ضرورت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ نفاذِ شریعت کے لیے معاشرہ، سرزمین اور سیاسی اقتدار کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلامی قانون سازی کو نفاذِ شریعت کی جانب پہلا قدم کیوں کہا جاتا ہے؟ (20)